# سوال

(228) کیا مردے سنتے ہیں؟

# جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مردے سنتے ہیں؟

---

## الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مردہ بے جان کو کہتے ہیں۔ اور بے جان میں سننے کی صلاحیت نہیں ہے۔ قرآن مجید میں ہے:

{إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ}

''آپ ﷺ مردوں کو نہیں سنا سکتے۔''

حدیث میں جہاں سننے کا ثبوت ملتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ چاہتا ہے۔ ان کی روح کو سنا دیتا ہے۔

(اہل حدیث دہلی جلد نمبر ۹ شمارہ نمبر ۳)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 384